© rasailojaraid.com



## سلامتی کونسل میں افغانستان پر اقتصادی پابندیاں کھلی بدمعاشی اور واضح جانبداری ہے

## افغانستان اور سوڈان کو اس لیے دہشت گرد قرار دیا جاتا ہے کہ وہاں مکمل اسلامی نظام نافذ ہے

## عالمی امن کے لئے طالبان نہیں، امریکہ سب سے بڑا خطرہ ہے

(امیر احرار حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ)

ملتان (حسین اختر) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر حضرت مولانا سید عطاء المہیمن بخاری نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ امریکہ و روس دونوں عالمی غنڈے ہیں امت مسلمہ اب ان کی غنڈہ گردی نہیں چلنے دے گی۔ سلامتی کونسل میں افغانستان پر اقتصادی پابندیوں کی قرارداد کھلی بدمعاشی اور واضح جانبداری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسا نہیں ہوسکتا کہ امریکہ و روس جس ملک یا شخصیت کو دہشت گرد قرار دیں اور دنیا اسے تسلیم کرلے۔ امریکہ آج افغانستان اور سوڈان کو اس لئے دہشت گرد اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مرتکب قرار دے رہا ہے کہ وہاں مکمل اسلامی نظام نافذ ہے اور یہود و نصاریٰ کو مسلمانوں کے خلاف سازشیں کرنے کا موقع نہیں مل رہا جبکہ چین کو بھی کلنٹن نے انسانی حقوق کی پامالی کا ملزم ٹھہرایا ہے۔ اس کی وجہ جنوبی ایشیا میں چین کی قوت اور سیاسی استحکام ہے جو امریکہ کیلئے ایک بڑا چیلنج ہے۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ دنیا کے امن کیلئے طالبان نہیں، امریکہ سب سے بڑا خطرہ ہے۔ طالبان نے امن قائم کیا جبکہ امریکہ نے پوری دنیا کے امن کو تباہ و برباد کیا اور کر رہا ہے۔ امریکہ طالبان اور اسامہ پر دہشت گردی کا ایک الزام بھی ثابت نہیں کرسکا پھر افغانستان پر حملہ کی دھمکی دہشت گردی اور بدمعاشی ہے۔ افغانستان نے کسی ملک پر حملہ کیا نہ دہشت گردی۔ جبکہ امریکہ و روس دونوں ان جرائم میں ملوث ہیں۔ سلامتی کونسل نوٹس کیوں نہیں لیتی انہوں نے کہا کہ امریکہ کو شکوہ ہے کہ مسلمانوں کو عیسائیوں اور یہودیوں کے خلاف جہاد پر اکسایا جارہا ہے حالانکہ امریکہ خود یہودیوں اور عیسائیوں کو مسلمان کے قتل عام پر نہ صرف اکسا رہا ہے بلکہ مکمل تعاون اور سرپرستی کر رہا ہے فلسطین، چیچنیا اور بوسنیا میں ہونے والے مظالم امریکہ کے اسلام اور مسلم دشمنی کے کھلے مظاہر ہیں انسانی حقوق کا ٹھیکیدار امریکہ مسلمانوں پر ہونے والے مظالم پر مجرمانہ خاموشی اختیار کئے ہوئے ہے۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ جہاد بحکم قرآن مسلمانوں پر فرض ہے اور ان حالات میں جاری ہوجاتا ہے جو آج درپیش ہیں مسلمانوں کا قاتل امریکہ جہاد کے فتویٰ سے خائف ہے اور اسے اب زوال سے کوئی نہیں بچا سکتا۔

## شریف خاندان نے اپنے دورِ اقتدار میں اسلامی جہادی تحریکوں کو ناقابلِ نقصان پہنچایا

## حکومت، نواز ڈیل ہر لحاظ سے قابلِ مذمت ہے، حکومت ڈیل کررہی ہے اللہ ڈھیل دے رہا ہے

## پاکستان کا سیاسی مستقبل دینی جماعتوں کے ہاتھوں میں ہے

(امیر احرار حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ)

چناب نگر (محمد مغیرہ) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر حضرت سید عطاء المہیمن بخاری نے اپنے ایک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بیان میں کہا ہے کہ نواز شریف خاندان کی رہائی امریکی وفاداریوں کا صلہ ہے انہوں نے اپنے عہد اقتدار میں وطنِ عزیز کی بجائے امریکی مفادات کا تحفظ کیا اسلامی و جہادی تحریکوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، امریکہ کو مطلوب مجاھدین اور دیگر مسلمان پکڑ پکڑ کر امریکہ کے حوالے کئے، علماء کو قتل کرایا، دینی جماعتوں میں اپنے تنخواہ دار ایجنٹ گھسیڑ کر انہیں لخت لخت کیا اور سب سے بڑی امریکی خدمت یہ کی کہ اسلام کے نام پر اسلام کو نقصان پہنچایا، سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ حکومت، نواز ڈیل ہر لحاظ سے قابلِ مذمت ہے۔ حکومت ڈیل کر رہی ہے اور اللہ ڈھیل دے رہا ہے۔ حکمران اور سیاست دان اللہ کی ڈھیل کو نعمت جانیں، عبرت پکڑیں اور اللہ کا نظام نافذ کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی مجرموں، ملک کے ڈاکوؤں اور لٹیروں، جہاد کے دشمنوں اور علماء کے قاتلوں کی سزا معاف کر کے انہیں چھوڑ دیا گیا ہے جو اثاثے ان سے قبضہ میں لئے گئے ہیں وہ ناقص بھی ہیں اور نامکمل بھی جبکہ لوٹا ہوا ملکی خزانہ اس سے کہیں زیادہ ہے اس واقعہ سے عملی طور پر ثابت ہو گیا ہے کہ احتساب اور عدالتی وقار خاک میں مل گیا ہے قانون اور سزا صرف غریبوں کیلئے ہے۔ جس کے پاس دولت ہے وہ سزا معاف کرا سکتا ہے سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ یہ مسلم لیگ کے کردار و تاریخ کا تسلسل ہے علماء اور مجاھدین کو دہشت گرد کہنے والے مہذب جانور کتنے بزدل اور بد کردار نکلے ہیں شیخ اسامہ بن لادن کو امریکہ کے حوالے کرانے کے منصوبے بنانے والے امریکی اشارے پر قانون و سزا سے بچ نکلے اسامہ اللہ کے حوالے ہیں ان کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا علماء اور مجاھدین اپنی جان قربان کر سکتے ہیں مگر ایسی سودے بازی کا تصور بھی نہیں کر سکتے سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ پاکستان کا سیاسی مستقبل دینی جماعتوں کے ہاتھوں میں ہے رشوتوں کے بلے ہوئے لٹیرے سیاستدان اپنا کردار ختم کر چکے ہیں اور عوام کے دلوں میں ان کا کوئی احترام نہیں رہا موجودہ عسکری قیادت اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات پر عمل کرتے ہوئے ملک میں فوراً اسلامی نظام نافذ کر دے اور اپنی عسکری ذمہ داریاں پوری کر لے ورنہ اب دینی قوتوں کا سیلاب امڈ رہا ہے اور پاکستان میں اسلامی انقلاب کا راستہ کوئی نہیں روک سکتا۔

## قیام پاکستان کے مقصد کو ہمیشہ نظر انداز کیا گیا

## حکومت قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے برطرف کرے

## دہشت گردی، قتل و غارت گری، بیروزگاری، مہنگائی کا خاتمہ اسلام کے نفاذ میں ممکن ہے

(امیر احرار حضرت پیرجی سید عطاءالمہیمن بخاری)

لاہور (محمد معاویہ رضوان) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المہیمن بخاری نے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان کا اسلامی نظریاتی تشخص صرف اور صرف اس صورت میں قائم رہ سکتا ہے اگر پاکستان میں اسلامی قوانین کا نفاذ عمل میں لایا جائے جب تک اس ملک میں اسلام کا قانون نافذ نہ ہوگا تب تک امن نہ ہوگا۔ دہشت گردی قتل و غارت گری، بیروزگاری اور مہنگائی کا خاتمہ صرف اسلام کے نفاذ میں ممکن ہے۔ انہوں نے کہا پاکستان کو معرض وجود میں آئے ہوئے ترپن سال کا عرصہ بیت چکا ہے مگر اسلام کے نام پر حاصل کیے جانے والے اس ملک میں اسلام اور دین کا مذاق اڑایا گیا اور جو قیادت اس کا مقدر بنی اس نے صرف لوٹ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کھسوٹ کا بازار گرم کیا اور ملک کے قیام کے مقصد کو ہمیشہ نظر انداز کیا انہوں نے کہا ہمارے حکمران کب تک ہاتھ میں کشکول اٹھائے آئی ایم ایف اور ورلڈ بنک کے دروازوں پر گداگروں کی طرح قرضوں کی بھیک مانگتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایک مسلمان حکمران اور مسلمان ریاست کو یہ بات زیب نہیں دیتی کہ وہ کافروں کے آگے ہاتھ پھیلائے۔ قرض حاصل کرنے کی شرائط اور معاہدے انتہائی شرمناک ہیں اور ہمارے حکمران یہ شو گر کوٹڈ گولیاں بڑے شوق سے کھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا ملک میں قادیانیوں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیاں قابل تشویش ہیں انہوں نے کہا حکومت قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے برطرف کرے، پشت پناہی چھوڑ دے، قادیانی این جی اوز کا لبادہ اوڑھ کر تبلیغ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا حکومت سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق سود کا مقررہ مدت میں خاتمہ اور اسلامی معاشی نظام کیلئے عملی اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں جنگ بندی کا بھارتی اعلان فراڈ اور جھوٹ پر مبنی ہے جنگ بندی کے باوجود بھارتی فوج کے حملے جاری ہیں۔ مجاہدین ہندوں کی عیاری اور مکاری سے ہوشیار ہو کر مسلمانان کشمیر کی مدد اور آزادی کیلئے جہاد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کے خلاف امریکی عزائم اور فیصلے دینی جماعتوں اور اسلامیان پاکستان کیلئے باعث تشویش ہیں افغانستان کی بقاء حقیقت میں پاکستان کی بقاء ہے افغان مسئلہ پر موجودہ عسکری حکومت کا موقف جرأت مندانہ ہے لیکن امریکہ کو باور کرایا جائے کہ اگر افغانستان پر حملہ ہوا تو پورا عالم اسلام امریکہ کے خلاف اعلان جہاد کر دے گا۔

## افوام متحدہ علم کفر و شرک کی نمائندہ اور محافظ ہے

## افغانستان پر اقتصادی پابندیاں غیر انسانی اور مسلمہ بین الاقوامی اقدار کے منافی ہے

## اگر سلامتی کونسل کی قرارداد واپس نہ ہوئی تو پاکستان میں امریکی و یورپی مصنوعات کا بائیکاٹ کیا جائے گا

لاہور (محمد معاویہ رضوان) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطا المہیمن بخاری نے افغانستان کے خلاف سلامتی کونسل کی طرف سے اقتصادی پابندیاں عائد کرنے کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام سراسر غیر انسانی اور مسلمہ بین الاقوامی اقدار کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ عالم کفر و شرک کی نمائندہ اور محافظ بن کر رہ گئی ہے۔ دنیا بھر میں مسلمانوں کے خلاف اسے اقدامات یک طرفہ اور جانبدارانہ ہیں۔ انہوں نے اسلامی ممالک سے اپیل کی کہ وہ سلامتی کونسل کی حالیہ قرارداد کی مذمت کریں اور اپنے مظلوم افغانی مسلمان بھائیوں سے مکمل معاشی اور اقتصادی تعاون کریں۔

سید عطا المہیمن بخاری نے کہا کہ یہ قرارداد امریکہ روس اور یورپ نے کفار کی مسلمانوں کے خلاف مشترکہ سازش ہے۔ امریکہ اسامہ کو محض بہانہ بنا کر دراصل طالبان کی قائم کردہ شرعی حکومت کو ختم کرنا چاہتا ہے۔ وہ اسلام کو اپنے لئے خطرہ سمجھتا ہے کیوں کہ امریکہ میں بھی اب اسلام پوری قوت اور تیزی سے ابھر رہا ہے انہوں نے کہا کہ امریکہ و یورپ افغانی مسلمانوں کے رازق نہیں ہیں۔ اقتصادی پابندیوں سے مشکلات ضرور پیدا ہوں گی اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی ضرور مدد کریگا۔ افغانی مسلمان ان پابندیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے اور اسلامی نظام حکومت کی حفاظت کریں گے۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے واضح کیا کہ اگر سلامتی کونسل کی مذموم قرارداد واپس نہ ہوئی تو پاکستان میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



امریکی و یورپی مصنوعات کا بائیکاٹ کیا جائے گا۔ رمضان کے بعد دینی جماعتیں اس ضمن میں مضبوط لائحہ عمل مرتب کریں گی۔

## ○ یہود و نصاریٰ کا مقابلہ صرف جہاد سے کیا جا سکتا ہے

## ○ قادیانیوں اور این جی اوز کا محاسبہ و تعاقب جاری رہے گا

**(سید محمد کفیل بخاری)**

کراچی (شفیع الرحمن احرار) مجلس احرار اسلام پاکستان کے نائب ناظم سید محمد کفیل بخاری نے کہا ہے کہ رمضان نزول قرآن اور جہاد کا مہینہ ہے جو امت مسلمہ کو جہاد کا بھولا ہوا سبق یاد دلاتا ہے آج مسلمان جہاد ترک کر کے پستی کا شکار ہوئے ہیں۔ صبر اور صلوٰۃ مسلمانوں کے ہتھیار ہیں۔ قرآن پاک سکے لیئے جہاد کی دعوت دیتا ہے یہود و نصاریٰ اور ان کے ایجنٹوں کی سازشوں کا مقابلہ صرف جہاد سے کیا جاتا ہے۔ مسجد ابراہیم ماڈل کالونی ملیر میں تحفظ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اندرون سندھ، کراچی اور ملک کے دیگر حصوں میں قادیانیوں کی کھلے عام ارتدادی تبلیغی سرگرمیاں تشویش کا باعث ہیں۔ قادیانی ملک میں معاشرتی افراتفری سیاسی انتشار اور معاشی عدم استحکام پیدا کر کے امریکہ اسرائیل اور انڈیا کے مفادات کیلئے کام کر رہے ہیں موجودہ حکومت کے زیر سایہ قادیانیوں عیسائیوں اور این جی اوز کا اثر و نفوذ ریاستی معاملات میں خطرناک حد تک بڑھ گیا ہے فوج اور سول اداروں میں بے شمار اہم اور حساس کلیدی عہدوں پر قادیانی براجمان ہیں جو مسلمانوں کی حق تلفی کرنے کے ساتھ مرزائیت کی اشاعت بھی کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہر قادیانیوں کا پرانا طریقہ واردات ہے، سرگودھا اور سیالکوٹ کے واقعات اس بات کے غماز ہیں کہ قادیانی پاکستان کے امن کو تباہ کرنا چاہتے ہیں اور خود مظلوم بن کر یہود و نصاریٰ کی ہمدردیاں اور ان سے ملنے والی امداد میں مزید اضافہ کرانا چاہتے ہیں۔ حکومت این جی اوز اور قادیانیوں کی دین دشمن اور وطن دشمن سرگرمیوں کا سدباب کرے علماء اور دینی جماعتیں قادیانیوں کو کھل کھیلنے کا موقع نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جہاد پاکستان کی بہادر فوج کا ماٹو ہے قادیانی جہاد کے منکر ہیں اسلیے فوج میں قادیانیوں کی موجودگی ملک کیلئے ہر اعتبار سے خطرناک اور نقصان دہ ہے حکومت فوج سے قادیانیوں کو نکالے۔

**مسلمان اگر یہود و نصاریٰ کی غلامی سے نجات چاہتے ہیں تو انہیں تبلیغ اور جہاد کے اصول پر عمل کرنا ہوگا**

## ○ جہاد کے بغیر اسلامی انقلاب کا تصور امت مسلمہ کے لئے ہلاکت ہے

## ○ سندھ کے مظلوم انسانوں کو راجہ داہر اور اس کی سرکاری ایجنسیوں کی دہشت گردی سے نجات اسلامی جہاد کے ذریعے نصیب ہوئی

کراچی میں یوم باب الاسلام کی تقریب اور یوم بدر کے حوالے سے مختلف مقامات پر کی جانے والی تقاریب سے رہنمایان احرار حضرت سید محمد کفیل بخاری، ڈاکٹر صلاح الدین، مولانا احتشام الحق معاویہ، ڈاکٹر ذیشان فیصل، شفیع الرحمن احرار، عظیم مجاہد محمد بن قاسم کو خراج عقیدت پیش کر رہے تھے۔

(کراچی) مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام یوم باب الاسلام سندھ منایا گیا مجلس احرار اسلام کراچی کے جنرل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سیکرٹری شفیع الرحمن احرار ڈاکٹر صلاح الدین، مولانا احتشام الحق معاویہ اور ڈاکٹر ذیشان فیصل نے ملیر ناظم آباد پاک کالونی بڑا بورڈ اور لیاقت آباد میں منعقدہ الگ الگ پروگراموں سے خطاب کیا عظیم مجاہد محمد بن قاسمؒ کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ شفیع الرحمن احرار نے عظیم مجاہد محمد بن قاسمؒ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کے جہاد سے سندھ کے مظلوم انسانوں کو راجہ داھر اور اس کی سرکاری ایجنسیوں کی دہشت گردی لوٹ مار قتل و غارتگری اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی سے نجات حاصل ہوئی اور سندھ امن و سکون کا گہوارہ بن گیا تھا ڈاکٹر صلاح الدین نے کہا کہ جب راجہ داھر کے ڈاکوؤں نے انڈونیشیاء سے بغداد جانے والے سمندری تجارتی قافلے جو مسلمان مرد عورتوں اور بچوں پر مشتمل تھا دیبل کے قریب لوٹ لیا اور عورتوں بچوں کی بے حرمتی کی تو خلیفۂ وقت بے چین ہو گیا اور مجاہد اعظم محمد بن قاسمؒ کی کمانڈمیں) مجاہدین اسلام کا لشکر جرار لیکر سندھ میں داخل ہوا اور انسانی حقوق کی بے حرمتی کرنے والے دہشت گردوں کے خلاف جہاد کر کے مظلوم مسلمانوں کو ظلم سے نجات دلائی اس طرح سندھ کو باب الاسلام ہونے کا شرف حاصل ہے مولانا احتشام الحق معاویہ نے مسجد داؤد میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک مجاہدہ کا مہینہ ہے محمد بن قاسمؒ نے (۱۰) دس رمضان المبارک کو سندھ کے مظلوم انسانوں کو غلامی دہشت گردی اور غنڈہ گردی سے نجات دلائی اور اسلام کے ابدی اور آفاقی عدل و مساوات کا حسین تحفہ عطاء کیا ڈاکٹر ذیشان فیصل نے کہا کہ انگریزوں کی خدمات کے صلے میں جاگیریں اور مراعات حاصل کرنے والے زمیندار جاگیردار سردار اور وڈیرے سندھ کے مظلوم عوام کو ظلم و ستم کا نشانہ بنا رہے ہیں اور محمد بن قاسمؒ کی راہ دیکھنے والے عوام کے معاشی اور سیاسی اور مذہبی حقوق کو پائمال کر رہے ہیں صوبائیت اور لسانیت کی تحریک چلا کر وحدت اسلامی کو پارہ پارہ کر کے یہود و نصاریٰ کے مفادات کیلئے سرگرم عمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت راجہ داھر کو سندھ کا ہیرو قرار دینے والوں، قادیانیوں اور آغا خانیوں کی سرگرمیوں کا فوری نوٹس لے۔ ۱۷، رمضان المبارک کو قائد جمہوریت ابوجہل معاذ اور معوذ کے ہاتھوں جہنم رسید ہوا مجلس احرار اسلام کراچی کے زیر اہتمام یوم بدر کے پروگرام منعقد کئے گئے جامعہ غوثیہ میں شفیع الرحمن احرار جنرل سیکرٹری مجلس احرار اسلام نے کہا کہ قائد جمہوریت ابوجہل میدان بدر میں ایک ہزار ۱۰۰۰ سے زائد مسلح کفار قریش اور مشرکین مکہ کی قیادت کرتا ہوا مسلمانوں کے خلاف سینہ سپر ہو گیا ادھر ۳۱۳ مجاہدین اسلام ہادیٔ اعظم محسن انسانیت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قیادت باسعادت میں بے سرو سامانی کے عالم میدان بدر میں کفر کا مقابلہ کرنے کیلئے نکلے ابوجہل اور مشرکین و کفارِ مکہ اپنے باپ دادا کے ہاتھوں تشکیل پانے والے انسانی نظام زندگی کی تحفظ کی جنگ لڑ رہا تھا شراب زنا سودی نظام معیشت عریانیت بے حیائی جواء بت پرستی، عورت کی بیحرمتی، لڑکیوں کو زندہ در گور (دفن) کرنے والے جاہلانہ عمل کی بقاء کی جدوجہد کرنے والا ابد بخت ازلی دو ننھے مجاہد "معاذ اور معوذ" کے ہاتھوں میدان بدر میں جہنم رسید ہو گیا تبلیغ اور جہاد کے اسلامی اصول پر عمل کرنے والے مسلمانوں کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں اللہ نے سرخرو کر دیا۔ پاکستان میں آج ابوجہل کا ثقافتی سیاسی اور معاشی نظام مسلم معاشرے کو گھن کی طرح چاٹ رہا ہے۔ مسلمان اگر یہود و نصاریٰ کی غلامی سے نجات چاہتے ہیں تو انہیں تبلیغ اور جہاد کے اصول پر عمل کرنا ہوگا۔ مسجد داؤد سائٹ ایریا میں یوم بدر کے حوالے سے اجتماع منعقد ہوا۔ مولانا احتشام الحق نے کہا کے جہاد کے بغیر اسلامی انقلاب کا تصور امت مسلمہ کے لئے ہلاکت ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم کی تبلیغی و تنظیمی مصروفیات

۱۱ رمضان ۸ دسمبر ۲۰۰۰ء، خطبہ جمعہ دار بنی ہاشم ملتان ۱۸ رمضان، ۱۵ دسمبر تک قیام ملتان۔

۱۸ رمضان خطبہ جمعہ۔ مدنی مسجد چنیوٹ۔ ۱۹ تا ۳۰ رمضان قیام چناب نگر۔

۲۵ رمضان خطبہ جمعہ۔ مسجد احرار چناب نگر۔

آخری عشرہ میں مدرسہ آلِ محمد سلانوالی میں محترم سید خالد مسعود گیلانی کی دعوت پر خطاب اور فیصل آباد میں ختم قرآن کی تقریب میں خطاب۔ اجتماع عید الفطر۔ مسجد احرار چناب نگر۔

۵، جنوری خطبۂ جمعہ دار بنی ہاشم ملتان

۷ جنوری محترم قاری عبد الرحیم فاروقی اور عبد الرحمٰن جامی صاحب کی دعوت پر جلال پور میں جامعہ فاروقیہ صوت القرآن کی تقریب سنگ بنیاد میں شرکت۔

۲۱، ۲۲ جنوری ۲۰۰۱ء فیصل آباد۔ علماء کونسل کے اجلاس میں شرکت۔ اور مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے اجلاس میں شرکت۔ ۲۵ جنوری ماہانہ مجلس ذکر دارِ بنی ہاشم ملتان۔

۲۶ جنوری خطبۂ جمعہ ملتان

## حضرت سید محمد کفیل بخاری کی تبلیغی و تنظیمی مصروفیات

۳ رمضان المبارک، ۳۰ نومبر بروز جمعرات مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی نائب ناظم سید محمد کفیل بخاری شاہ صاحب کراچی تشریف لائے اور خطاب بعد نماز ظہر جامع مسجد ڈاؤ میڈیکل کالج (D.MC) عنوان رمضان المبارک اور مسلمانوں کی ذمہ داریاں اور فتنہ اور قادیانیت کی تباہ کاریاں (داعی ڈاکٹر ذیشان فیصل صاحب)

خطاب بعد نماز عصر جامع مسجد فاروق اعظم بفرزون (داعی مفتی مولانا امیر عمر صاحب)

افطار اور ملاقات احباب و کارکنان در مکان بھائی خالد صاحب

۴۔ رمضان المبارک، یکم دسمبر جمعتہ المبارک جامع مسجد عثمانیہ بفرزون (داعی مولانا چراغ الاسلام) و بھائی محمد خالد صاحب

افطار و ملاقات احباب و کارکنان مدرسہ عربیہ سیف الاسلام کھنڈو گوٹھ نارتھ ناظم آباد

۵ رمضان المبارک۔ ۲/دسمبر ہفتہ بعد نماز ظہر دفتر مجلس تحفظ ختم نبوت میں ملاقات مولانا مفتی جمیل صاحب دامت برکاتہم مولانا سعید احمد جلالپوری صاحب، جمال عبد الناصر صاحب مولانا نذیر تونسوی صاحب اور محمد انور رانا صاحب

۶ رمضان المبارک۔ ۳/ دسمبر اتوار، خطاب اجتماع خواتین بعد نماز ظہر مدرسہ فاطمہ للبنات بفرزون (مہتمم قاری محمد طاہر رحیمی صاحب)

تقریباً ساڑھے ۴۵۰ خواتین اور طالبات نے شرکت فرمائی شاہ صاحب نے سوا ایک گھنٹہ اصلاحی بیان فرمایا اور خواتین کو قرآن و سنت پر عمل کرنے اور بچوں کی اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تربیت دینے کی ترغیب دی۔ شام کورفاہ عام سوسائٹی میں بھائی خاتم اور بھائی خاتم کے گھر پر افطار فرمایا اور احباب سے ملاقات کی۔

بعد نماز تراویح ابراہیم مسجد ماڈل کالونی میں ختم نبوت کانفرنس کے عنوان پر تفصیلی خطاب فرمایا۔ یاد رہے کہ ماڈل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کالونی کراچی میں قادیانیوں کا بڑا گڑھ ہے۔ امین مسجد نزد جناح ٹرمینل اور گلشن جامی نزد ملیر کینٹ چیک پوسٹ کے علاقوں میں قادیانیوں کی دو عبادت گاہیں ہیں۔ قادیانی سرگرمیاں یہاں عروج پر ہیں۔ مجلس احرار اسلام کے کارکن رد قادیانیت پر وقتاً فوقتاً لٹریچر تقسیم کرتے ہیں۔ کانفرنس کے اختتام پر بھائی احتشام الحق، بھائی یوسف صاحب، وسیم احمد، قاری سعید الرحمن صاحب قاری عبیدالرحمن اور محمد مونس خان صاحب سے ملاقات ہوئی۔

واپسی پر بھائی محمود احمد صاحب کے گھر پر ماہنامہ "محافظ حق" کراچی کے ایڈیٹر جناب عرفان شاہ صاحب نے شاہ صاحب سے ملاقات کی اور تفصیلی انٹرویو کیا۔

۷ رمضان المبارک ۴ دسمبر بروز پیر، مولانا عبدالرشید انصاری صاحب کے مدرسہ و مسجد عائشہ صدیقہ نارتھ کراچی میں افطاری کی گئی اور باہمی امور پر غور و خوض کیا گیا۔

۸ رمضان المبارک۔ ۵ دسمبر منگل، سید محمد کفیل بخاری کی قیادت میں مجلس احرار اسلام کے وفد نے صوبائی وزیر مذہبی امور سندھ اور مولانا محمد ولی رازی سے ملاقات کی اور انہیں سندھ میں قادیانیوں کے سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔ وفد میں مجلس احرار اسلام کراچی کے رہنما محترم شفیع الرحمن احرار، مولانا احتشام الحق معاویہ، محمود احمد اور محمد یونس بھی شامل تھے۔

۹/۱۰ رمضان المبارک۔ ۶/ ۷ دسمبر کو جامعہ حمادیہ میں حضرت مولانا عبدالواحد مدظلہ سے ملاقات کی اور دفتر ضرب مومن کا مطالعاتی دورہ کیا۔

۱۱ رمضان المبارک۔ ۸ دسمبر، بروز جمعہ ملتان تشریف لے گئے

۲۴ رمضان۔ خطاب تقریب ختم قرآن دفتر احرار لاہور

۲۵ رمضان۔ خطاب مدرسہ رحمانیہ طارق آباد ملتان۔ ❖ خطاب مسجد مولوی محمد رمضان والی ملتان

۲۶ رمضان۔ خطاب مسجد نور تغلق روڈ ملتان ❖ ۲۷ رمضان خطاب مسجد ختم نبوت دارِ بنی ہاشم ملتان

۲۹ رمضان خطاب مسجد موضع دین پور عبدالحکیم ضلع خانیوال

۱۱/۱۸/۲۵/۲ رمضان کے خطبات جمعہ اجتماع عید الفطر اور ۲ شوال کا خطبہ جمعہ دار بنی ہاشم ملتان

۵ جنوری ۲۰۰۱ کا خطبہ جمعہ۔ دار بنی ہاشم ملتان

۷ جنوری۔ شرکت تقریب سنگِ بنیاد جامعہ فاروقیہ صوت القرآن جلال پور پیر والا ملتان

۸ جنوری قیام چیچہ وطنی ❖ ۹/۱۰/۱۱ قیام دفتر احرار، لاہور ❖ ۲۱/۲۲/جنوری قیام فیصل آباد

۲۵/جنوری مجلس ذکر دارِ بنی ہاشم ملتان

## ماہانہ مجلس ذکر و روحانی اجتماع ملتان

۲۹ شوال ۱۴۲۱ - ۲۵ جنوری ۲۰۰۱ء بروز جمعرات مجلس ذکر بعد نماز عشاء دار بنی ہاشم ملتان

بعد از ذکر امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم اصلاحی تربیتی بیان بھی فرمائیں گے۔ احباب و متعلقین نمازِ مغرب تک پہنچ جائیں

المعلن: ناظم مدرسہ معمورہ ملتان (فون: 511961 - 061)

© rasailojaraid.com